**22.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ملک میں ایک منتخب سرکار کے سربراہ کے طور پر سب سے طویل عرصے تک فائز رہ کر بھارتی سیاست میں ایک تاریخی سنگِ میل طے کیا ہے۔

☆ G7 ملکوں نے مغربی ایشیا کے مختلف ملکوں میں اہم بنیادی ڈھانچے اور عام شہریوں پر ایران کے حملوں کی مذمت کی ہے اور اہم بحری گزر گاہوں، خاص طور پر آبنائے ہرمز کے تحفظ کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

☆ روس سے خام تیل لے کر ایک بحری جہاز کرناٹک میں منگلورو پہنچ گیا ہے۔ امریکہ سے LPG کے ساتھ ایک اور مال بردار بحری جہاز بھی منگلور پورٹ پر لنگر انداز ہوگیا ہے۔

☆ بہار ریاست آج اپنا یومِ تاسیس منا رہی ہے۔ صدرِ جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیرِ اعظم نے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

☆ اور Squash میں ممبئی میں، انڈین اوپن ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز فائنل میں Veer Chotrani کا مقابلہ ابھے سنگھ سے ہوگا، جبکہ خواتین سنگلز کے فائنل میں Anahat Singh کا سامنا مصر کی Hana Moataz سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Modi Head of Govt**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ملک میں ایک منتخب سرکار کے سربراہ کے طور پر سب سے طویل عرصے تک فائز رہ کر بھارتی سیاست میں ایک تاریخی سنگِ میل طے کیا ہے۔ اِس طرح جناب مودی پون کمار چاملِنگ سے آگے نکل گئے ہیں، جو 8 ہزار 930 دن تک سکم کے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے پر فائز رہے۔ جناب مودی نے گجرات کے وزیرِ اعلیٰ اور بعد میں وزیرِ اعظم کے طور پر سرکار کے سربراہ کے طور پر 8 ہزار 931 دن مکمل کرلئے ہیں۔ اِس طرح وہ قیادت کے رول میں 25ویں سال میں داخل ہوگئے ہیں۔

اِس سنگِ میل کو ایک نایاب اور نمایاں کامیابی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ اِس سے اعلیٰ ترین سطح پر بلارکاوٹ عوامی خدمت اور سیاسی قیادت کی عکاسی ہوتی ہے۔

اپنے کیریئر کے دور میں جناب مودی نے کئی قابلِ قدر ریکارڈ بھی قائم کئے ہیں۔ اِن میں سب سے طویل عرصے تک گجرات کے وزیرِ اعلیٰ کے طور پر کام کرنا اور ایک ایسے وزیرِ اعظم ہونے کا ریکارڈ شامل ہے، جنہیں وزیرِ اعلیٰ کے طور پر سب سے طویل عرصے تک کام کرنے کا تجربہ حاصل ہے۔

جناب مودی بھارت کے ایسے پہلے وزیرِ اعظم بھی ہیں، جو ملک کی آزادی کے بعد پیدا ہوئے۔ ساتھ ہی انہوں نے 2014، 2019 اور 2024 میں لگاتار تین بار لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی، جس سے سیاسی تسلسل اور عوام کی لگاتار حمایت کی عکاسی ہوتی ہے۔

جناب مودی کو 26 مئی 2014 کو بھارت کے 14ویں وزیرِ اعظم کے طور پر حلف دلایا گیا تھا۔ اِس طرح وہ لوک سبھا میں مکمل اکثریت حاصل کرنے والے پہلے غیرکانگریسی لیڈر بنے تھے۔ بعد میں وہ اپنے عہدے کی دو مکمل مدت پوری کرنے والے پہلے غیرکانگریسی وزیرِ اعظم بھی بنے اور لگاتار تیسری مدت کیلئے اقتدار میں واپس آئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Suparna**

*مذکورہ سنگِ میل کے علاوہ، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس سال کئی دیگر اہم پیمانے، خاص طور پر ڈیجیٹل شعبے میں مختلف اہم پیمانے بھی عبور کئے ہیں۔ اِس سے قبل اِس مہینے کے شروع میں اُن کے یو ٹیوب چینل پر **Subscribers** کی تعداد 3 کروڑ تک پہنچ گئی، جس سے مذکورہ پلیٹ فارم پر سب سے زیادہ فالو کئے جانے والے عالمی رہنماؤں میں سے ایک لیڈر کے طور پر اُن کی پوزیشن مزید مستحکم ہوئی۔*

*فروری میں **Instagram** پر جناب مودی کو فالو کرنے والے افراد کی تعداد 10 کروڑ سے بھی تجاوز کرگئی تھی اور اِس طرح وہ اپنے عہدے پر فائز رہتے ہوئے یہ سنگِ میل حاصل کرنے والے پہلے عالمی رہنما اور سیاستداں بن گئے۔*

*اِدھر ُایکس پر بھی، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے 10 کروڑ 64 لاکھ فالوورس ہیں۔*

*دِلّی سے **Suparna Saikia** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک۔* **x**

**Shah PM Tenure**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت میں سب سے طویل عرصے تک منتخب سرکار کا سربراہ بننے کا وزیرِ اعظم نریندر مودی کا ریکارڈ خدمت، سخت محنت اور پختہ عزم کا ایک سنگِ میل ہے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ جناب مودی کے طویل عرصے تک اپنے عہدے پر کام کرنے سے ملک پہلے کی حکمرانی، کام کرنے میں دیانتداری اور ہر شہری کیلئے انتھک خدمت کے تئیں اُن کی گہری لگن اور پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ **x**

**G7 - Iran**

G7 ملکوں نے مغربی ایشیا کے مختلف ملکوں میں اہم بنیادی ڈھانچے اور عام شہریوں پر ایران کے حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں G7 ملکوں کے وزراء خارجہ نے متاثرہ ملکوں کے ساتھ یگانگت کا اظہار کیا ہے۔ اِن میں کناڈا، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان، برطانیہ اور امریکہ کے ساتھ ساتھ یوروپی یونین کے اعلیٰ نمائندے شامل ہیں۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ G7 گروپ، ایران اور اُس سے وابستہ گروپوں کے بلاجواز حملوں کے تناظر میں خطے میں اپنے ساجھیدار ملکوں کی حمایت کرتا ہے۔ G7 ملکوں نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی فوجی سرگرمیاں بلاتاخیر روک دے۔ اِن ملکوں نے کہا ہے کہ ایران کے حملوں سے علاقائی اور عالمی سلامتی کو بھی وسیع تر خطرہ لاحق ہے۔ x

**West Asia Conflict**

ایران نے اسرائیل کے Dimona شہر میں واقع Negev نیوکلیئر ریسرچ سینٹر اور Arad شہر میں میزائلوں سے حملے کیے ہیں۔ ایران نے بتایا کہ یہ حملے ایران کی Natanz نیوکلیائی تنصیبات پر امریکہ اور اسرائیلی حملوں کے جواب میں کیے گئے۔

IAEA نے کہا ہے کہ ریسرچ سینٹر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا اور تابکاری کی سطح میں کسی اضافہ کا پتہ نہیں چلا ہے۔ البتہ اِن حملوں سے Dimona اور Arad سمیت پورے جنوبی اسرائیل میں 130 سے زیادہ لوگوں کے زخمی ہونے کی خبر ملی ہے۔ اسرائیل کے فضائی دفاعی نظام، اِن دونوں شہروں میں میزائلوں کو روک پانے میں ناکام رہے۔ IDF نے اِس ناکامی کا اعتراف کیا ہے اور کہا ہے کہ اِس سلسلے میں تحقیقات کی جارہی ہیں۔

اسرائیل کی فورسز نے تہران میں Malek-Ashtar یونیورسٹی میں ایک ریسرچ اور ڈیولپمنٹ تنصیب پر حملے کیے ہیں۔ اسرائیل کا کہنا ہے کہ اِسے نیوکلیائی ہتھیاروں اور بیلسٹک میزائلوں کے آلات تیار کرنے کیلئے استعمال کیا جارہا تھا۔

دوسری جانب، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 48 گھنٹے کا الٹی میٹم دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر نہیں کھولا گیا، تو وہ ایران کے بجلی گھروں پر حملے کرکے انہیں نیست و نابود کردیں گے۔ جبکہ ایران کی فوجی کمان نے اِس کے جواب میں وارننگ دی ہے کہ اگر اُس کی توانائی کی تنصیبات پر کوئی حملہ ہوتا ہے، تو وہ امریکہ اور خطے کی حکومتوں کی توانائی، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور سمندری پانی کو قابلِ استعمال بنانے والے سبھی بنیادی ڈھانچے پر حملے کرے گا۔

سعودی عرب کی راجدھان ریاض پر تین بیلسٹک میزائلوں کا پتہ چلا، جن میں سے ایک کو ناکارہ بنا دیا گیا اور دو میزائل ایک غیر آباد علاقے میں جا گرے۔

دوسری جانب، لبنان میں 2024 کا جنگ بندی معاہدہ ناکام ہوجانے کے بعد، وہاں صورتحال کشیدہ ہوکر پوری طرح ایک علاقائی جنگ میں تبدیلی ہوگئی ہے۔x

**Russian Oil - India**

روس سے خام تیل لانے والا بحری جہاز Aqua Titan کرناٹک میں منگلورو پہنچ گیا ہے۔ امریکہ نے مغربی ایشیا محاذ آرائی کے تناظر میں ایندھن کی عالمی قیمتوں میں استحکام لانے کی کوشش میں پہلے ہی سمندر میں رُکے ہوئے روس کے خام

تیل کی فروخت کی اجازت دیتے ہوئے، جمعرات کو عارضی جنرل لائسنس جاری کیا تھا۔ اِس کے بعد یہ جہاز یہاں پہنچا ہے۔
اِدھر امریکہ سے LPG کے ساتھ ایک اور مال بردار بحری جہاز منگلور بندرگاہ پر لنگرانداز ہوگیا ہے۔ Pyxis Pioneer نام کا یہ مال بردار بحری جہاز امریکی ریاست Texas سے LPG کی سپلائی کے ساتھ بندرگاہ پر پہنچا ہے۔
اِس سے قبل بھارتی پرچم بردار دو LPG ٹینکر ''نندا دیوی'' اور ''شِوالِک'' اِس ہفتے کے اوائل میں گجرات پہنچے تھے۔x

**Prez-VP-PM - Bihar Foundation Day**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بہار کے یوم تاسیس کے موقع پر ملک اور بیرون ملک رہنے والے بہار کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ریاست بہار کو، دنیا کی پہلی جمہوریت اور شاندار سلطنتوں کے ساتھ ساتھ مالامال ثقافت اور روحانی روایات کی سرزمین قرار دیا۔
نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے کہا ہے کہ علم و دانش اور ثقافت کی شاندار وراثت سے مالامال اِس تاریخی سرزمین نے ملک کی میراث اور ترقی میں بیش قیمتی اور گراں قدر تعاون کیا ہے۔
دوسری جانب، وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر کہا کہ بہار نے بھارت کی وراثت کو شان و شوکت اور روحانیت سے مالامال کیا ہے اور یہ مسلسل ترقی کے نئے باب تحریر کررہا ہے۔ انہوں نے اِس اعتماد کا بھی اظہار کیا کہ ریاست کے محنتی اور سرگرم لوگوں کی لگن اور صلاحیت، ایک ترقی یافتہ بھارت کے ساتھ ساتھ ایک ترقی یافتہ بہار کے وِژن کی حصولیابی میں اہم رول ادا کرے گی۔x

**Squash**

اسکواش میں، انڈین اوپن 2026 ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں ابھے سنگھ اور ویر Chotrani کی اپنے اپنے میچوں میں شاندار جیت کے بعد، اب بھارت نے مردوں کے سنگلز کا ٹائٹل یقینی بنالیا ہے۔
آج ممبئی میں فائنل مقابلہ، دونوں بھارتی کھلاڑیوں ویر Chotrani اور ابھے سنگھ کے درمیان ہوگا۔
دوسری جانب، خواتین کے سنگلز کے فائنل میں آج شام ممبئی میں دفاعی چیمپئن Anahat سنگھ، دوسری سیڈ کی کھلاڑی مصر کی ہانا Moataz کا سامنا کریں گی۔x

**ECI Polling Stataion**

انتخابی کمیشن نے چناؤ والی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کے اعلیٰ انتخابی افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کے پولنگ کے دن ہر پولنگ مرکز پر ہر طرح کی ضروری سہولیات دستیاب رہیں۔ اِن میں پینے کا پانی، سائبان کی سہولت کے ساتھ انتظار کرنے کا زون، پانی کی سہولت کے ساتھ بیت الخلاء، مناسب روشنی اور معذور رائے دہندگان کیلئے Ramp کی سہولت شامل ہیں۔
رائے دہندگان کی سہولت کیلئے پولنگ مراکز کے باہر اپنا موبائل فون جمع کرانے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔x

## Keralam Election

کیرالم اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہوجائے گا۔ ریاست کے سبھی 140 اسمبلی حلقوں میں امیدوار اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے اور چناؤ مہم کی سرگرمیاں انجام دینے میں مصروف ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال پرسوں ہوگی۔ کیرالم میں پولنگ اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ہوگی۔

اِدھر ریاست میں چناؤ مہم میں تیزی آرہی ہے۔ سبھی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر انتخابی مہم میں شامل ہورہے ہیں۔ LDF کی طرف سے وزیرِ اعلیٰ Pinarayi Vijayan کل سے ریاست گیر دورے کا آغاز کریں گے۔ CPI-M کے لیڈر بھی مختلف مقامات پر عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اِن میں M.A. Baby، ایم وی گووِندن، اے وجے راگھوَن، پرکاش کرات اور برندا کرات شامل ہیں۔

UDF کیلئے کانگریس لیڈر راہل گاندھی چناؤ مہم کی خاطر کیرالہ پہنچیں گے۔ اِس مہینے کی 25 تاریخ کو کوزی کوڈ میں ایک ریلی کے ساتھ اُن کی انتخابی مہم شروع ہوگی۔

NDA کیلئے مرکزی وزیروں سمیت سرکردہ قومی لیڈر آنے والے دنوں میں چناؤ مہم کیلئے ریاست کا دورہ کریں گے۔x

## Slovenia

Slovenia میں آج پارلیمانی انتخابات میں ووٹنگ ہوگی۔ اِس میں موجودہ وزیرِ اعظم Robert Golob کا مقابلہ ڈونالڈ ٹرمپ کے حامی امیدوار Janez Jansa سے ہوگا۔ اِس چناؤ سے قومی اسمبلی کی تشکیل کا تعین ہوگا، جس کے بعد وہ Slovenia کی سرکار کا انتخاب کرے گی۔

تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ کسی بھی امیدوار کو واضح اکثریت ملنے کا امکان نہیں ہے اور نتیجوں کا انحصار چھوٹی پارٹیوں اور مخلوط اتحاد پر رہنے کی امید ہے۔x

## Cuba - Blackout

کیوبا میں گزشتہ ایک ہفتے سے بھی کم وقت میں دوسری مرتبہ بجلی کے بلیک آؤٹ کا سامنا کرنا پڑا، جس کی وجہ سے لاکھوں لوگ بجلی سے محروم ہوگئے۔ کیوبا کی توانائی محکمے کی وزارت نے اعلان کیا ہے کہ پورے جزیرہ نما ملک میں بجلی کے ایک اور بلیک آؤٹ کی وجہ سے ایک کروڑ سے زیادہ لوگوں کیلئے بجلی کی فراہمی منقطع ہوگئی۔

کیوبا کو ایندھن کے شدید بحران کا سامنا ہے کیونکہ امریکہ، وینزویلا سے تیل کی اہم کھیپ کو لگاتار روک رہا ہے۔ اِدھر اِس مہینے کے اواخر میں روس سے ایک تیل ٹینکر کیوبا پہنچنے والا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆